سوال

نبی ﷺ یا صحابہ کے خاص دعائیہ الفاظ کسی اور کے ساتھ استعمال کرنا

جواب

سوال : السلام علیکم، کیا یہ الفاظ کسی اور کیلیئے استعمال کر سکتے ہیں یا خاص ہیں؟ جیسے بعض دعائیاں کلمات جو نبی یا صحابہ کیلیے مستعمل ہیں۔ صلی اللہ علیہ وصلم - رحمت للعالمین خاص ہے محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وصلم کیلیئے۔ رضی اللہ عنہ - خاص ہے صحابہ کرام کی

جواب : بلاشبہ یہ دعائیہ کلمات ہیں لیکن عرف عام میں صلی اللہ علیہ وسلم کے الفاظ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور علیہ السلام کے الفاظ انبیاء علیہم السلام اور رضی اللہ عنہم کے الفاظ صحابہ رضی اللہ عنہم اور رحمہ اللہ کے الفاظ تابعین، تبع تابعین اور ائمہ سلف صالحین رحمہم اللہ کے ساتھ مخصوص ہوگئے ہیں۔ پس اس عرف کا لحاظ کرنا چاہیے تاکہ کسی کے مقام و مرتبہ میں غلو پیدا نہ ہو۔ واللہ اعلم بالصواب